ولایت نکاح

از

اعلیٰحضرت امام احمد رضا قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

پیشکش : الرضا پبلیکیشن ۳۷، میمن واڑہ روڈ، ممبئی ۳

شائع کردہ رضا اکیڈمی ۵۲، ڈونٹاڈ اسٹریٹ، کھڑک، ممبئی ۹

Scanned with OKEN Scanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

تجویز الرد عن تزویج الابعد

۱۳۱۵ھ

تصنیف

اعلیٰحضرت امام اہلِ سُنت مجدد دین وملت

مولانا شاہ احمد رضا قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ عربی عبارات

حافظ محمد عبدالستار سعیدی ناظمِ تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تخریج و تصحیح

مولانا نذیر احمد سعیدی

بفیض حضور مفتی اعظم علامہ شاہ مصطفےٰ رضا قادری نوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

رضا اکیڈمی

۵۲ ر ڈونٹا ڈاسٹریٹ، کھڑک، ممبئی ۹

فیکس: ۶۶۶۵۹۲۳۶ فون: ۶۶۳۴۲۱۵۶_۰۲۲

سلسلۂ اشاعت ۲۷۲

نام کتاب ـــــــ تجویز الرد عن تزویج الابعد
۱۳۱۵ھ

مصنف ـــــــ اعلیٰحضرت امام اہلسنت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا قادری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ترجمہ عربی عبارات ـــــــ حافظ محمد عبدالستار سعیدی ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تخریج وتصحیح ـــــــ مولانا نذیر احمد سعیدی

سن اشاعت ـــــــ ۱۴۲۲ھ سنہ ۲۰۰۱ء

طباعت ـــــــ رضا آفسیٹ بمبئی ۳

Scanned with OKEN Scanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

پیش لفظ

عروس البلاد ممبئی میں چند مخلصینِ اہل سنّت کی مشترکہ کوشش سے سنہ ۱۹۷۸ء میں رضا اکیڈمی کا قیام ہوا اور اس نے بفضلہٖ تعالیٰ مسلکِ اہلِ سنّت کے فروغ و استحکام میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ دردمند اور باشعور سنّی عوام و خواص کے مختلف حلقوں میں اس نے اسلام و سنّیت کی بیش بہا خدمات انجام دے کر کئی شہروں میں اپنی متحرک و فعال شاخیں بھی قائم کیں اور علماء اہل سنّت بالخصوص امام اہل سنّت مجدد دین و ملّت اعلیٰحضرت امام احمد رضا حنفی قادری برکاتی بریلوی قدس سرہٗ کی کتب و رسائل بڑی تعداد میں شائع کر کے ملک کے گوشے گوشے تک پہنچایا۔

علماء اہل سنّت اور اعلیٰحضرت محدث بریلوی کی ابتک دو سو چھیاسٹھ (۲۶۶) کتابیں رضا اکیڈمی ممبئی شائع کر چکی ہے مزید برآں اس سال دار العلوم منظر اسلام بریلی شریف کے صد سالہ جشن اور اعلیٰحضرت محدث بریلوی کے ۱۵۰ سالہ یوم ولادت کے موقعہ پر دسیوں رسائل رضویہ فتاویٰ رضویہ مترجم شائع کردہ رضا فاؤنڈیشن لاہور سے عکس لے کر شائع ہو رہے ہیں۔

رضا اکیڈمی ممبئی اپنے مشن کو دور دراز خطوں اور ہر طبقے تک پہنچانے کیلئے شب و روز کوشاں ہے اور اس کا پیغام بھی یہی ہے کہ

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروروں درود

اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے حبیب پاک صلے اللہ علیہ وسلّم کے صدقہ و طفیل میں رضا اکیڈمی سے دین و سنّیت کی زیادہ سے زیادہ خدمات لے اور اس کی ہر خدمت کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اسیر مفتی اعظم محمد سعید نوری

رضا اکیڈمی ممبئی۔ ۲۸ محرم الحرام سنہ ۱۴۲۲ھ / ۲۳ اپریل سنہ ۲۰۰۱ء

تجویز الرد عن تزویج الابعد

۱۵ ھ ۱۳

(ولی اقرب کی غیبت میں ولی ابعد کے نکاح پڑھانے کا حکم)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسئلہ از پیلی بھیت محلہ منیر خاں مرسلہ حضرت مولانا مولوی وصی احمد صاحب محدث سورتی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰ رجب ۱۳۱۵ھ

سوال اوّل

ولی ابعد، ولی اقرب کی غیبت میں اگر نکاح کردے تو ولی اقرب درصورت خلاف مرضی اُس کے فسخ کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب

ہاں جبکہ غیبت منقطعہ نہ ہو،

فی الدر المختار فلو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ[1] واللہ تعالٰی اعلم

درمختار میں ہے اگر بعید ولی نے قریب ولی کی موجودگی میں اس کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو قریب کی اجازت پر موقوف ہوگا۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

---

[1] درمختار باب الولی مطبع مجتبائی دہلی ۱/۱۹۴

سوال دوم

غیبت کی تفاسیر میں سے کہ مدتِ قصر یا دشواری استطلاع رائے یا اس بلد میں قافلہ سال بھر میں ایک مرتبہ جاتا ہو، میں کون سی تفسیر معتمد علیہ ہے؟

الجواب

اوّل پر بھی فتوٰی دیا گیا اور ثالث اختیار امام قدوری ہے، اور کتاب التجنیس والمزید میں یک ماہہ راہ کو اختیار اکثر مشائخ و اعدل الاقاویل فرمایا کما فی مجمع الانہر[1] (جیسا کہ مجمع الانہر میں ہے۔ ت) اور امام سغدی نے مفقود الخبری اختیار فرمائی، امام محمد سے ایک روایت بیس ایک پچیس منزل کی آئی کما فی جامع الرموز[2] (جیسا کہ جامع الرموز میں ہے۔ ت) تو یہ سات قول ہیں جن میں اقوی واوثق و مذیل بآکد الفاظ فتیا صرف اول و دوم ہیں مگر اصح التصحیحین وارجح الترجیحین و ماخوذ و معتمد علیہ یہی ہے کہ جب اس کی رائے لینے تک کفو حاضر انتظار نہ کرے اور اس پر اٹھا رکھنے میں یہ موقع ہاتھ سے جاتا ہے تو غیبت غیبتِ منقطعہ ہے یہاں تک کہ اگر ولی اقرب شہر ہی میں رُوپوش ہو اور پتا نامعلوم یا رسائی نہیں اور انتظار باعثِ فوتِ کفو ہو تو غیبت منقطعہ سمجھی جائے گی اور ولی بعید کو جو مراتب ولایت ہیں اُس اقرب کے متصل ہے ولایت ہاتھ آئے گی اور اگر اقرب ہزار کوس دُور ہے اور کفو حاضر نہیں یا انتظار پر راضی، تو یہ غیبتِ منقطعہ نہیں، ولی بعید نکاح کرے گا تو نافذ نہ ہوگا بلکہ اجازتِ اقرب پر موقوف رہے گا،

فی تنویر الابصار للولی الابعد التزویج بغیبۃ الاقرب مسافۃ القصر[3] اھ فی رد المحتار نسبہ فی الھدایۃ لبعض المتأخرین والزیلعی لاکثرھم قال وعلیہ الفتوی[4] اھ **قلت**[5] وکذا قال علیہ الفتوی فی الولوالجیۃ

تنویر الابصار میں ہے ولی اقرب سفر کی مسافت پر غائب ہو تو ولی ابعد کو نکاح کر دینا جائز ہے اھ ردالمحتار میں ہے کہ ہدایہ میں اس کو بعض متاخرین کی طرف منسوب کیا ہے اور زیلعی میں اس کو اکثر کی طرف منسوب کیا اور کہا کہ اس پر فتوٰی ہے اھ **قلت** (میں کہتا ہوں) یوں ہی ولوالجیہ میں کہا کہ اس پر

---

[1] مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر — باب الاولیاء والاکفاء — دار احیاء التراث العربی بیروت — ۱/۳۳۹

[2] جامع الرموز — باب الولی والکفو — مکتبہ اسلامیہ گنبد قاموس ایران — ۱/۴۶۹

[3] درمختار شرح تنویر الابصار — باب الولی — مطبع مجتبائی دہلی — ۱/۱۹۴

[4] ردالمحتار — 〃 — دار احیاء التراث العربی بیروت — ۲/۳۱۵

كما فى مجمع الانهر قال القهستانى فى جامع الرموز هو الصحيح و به يفتى اھ[1] فى الدر واختار فى الملتقى مالم ينتظر الكفؤ الخاطب جوابه و اعتمده الباقانى ونقل ابن الكمال ان عليه الفتوى وثمرة الخلاف فى من اختفى فى المدينة هل تكون غيبة منقطعة[2] اھ قال الشامى قال فى الذخيرة الاصح انه اذا كان فى موضع لو انتظر حضوره او استطلاع رأيه فات الكفؤ الذى حضر فالغيبة منقطعة و اليه اشار فى الكتاب اھ وفى البحر عن المجتبى و المبسوط انه الاصح وفى النهاية واختاره اكثر المشائخ وصححه ابن الفضل وفى الهداية انه اقرب الى الفقه وفى الفتح انه الاشبه بالفقه وانه لاتعارض بين اكثر المتاخرين واكثر المشائخ اى لان المراد من المشائخ المتقدمون وفى شرح الملتقى عن الحقائق انه اصح الاقاويل وعليه الفتوى اھ وعليه مشى فى الاختيار والنقاية ويشير كلام النهر

فتوٰی ہے جیسا کہ مجمع الانہر میں ہے کہ قہستانی نے جامع الرموز میں کہا: یہی صحیح ہے اور اسی پر فتوٰی ہے اھ۔ دُر میں ہے، اور اس کو ملتقی میں پسندیدہ قرار دیا جب منگنی کرنے والا کفو کے جواب کا انتظار نہ کرے اور باقانی نے اس کو معتمد قرار دیا، اور ابن کمال نے اس پر فتوٰی کو نقل کیا اور ثمرہ اختلاف اس شخص کے متعلق ظاہر ہوگا جو شہر میں چھُپ گیا ہو، تو کیا اس صورت میں غیبتِ منقطعہ ہوگی اھ، شامی نے کہا کہ ذخیرہ میں کہا ہے کہ اصح یہ ہے کہ اگر ایسی صورت ہو کہ حاضر کفو، اس کی انتظار اور اس کی رائے معلوم کرنے تک، ضائع اور فوت ہوجانے کا خطرہ ہو تو یہ غیبۃ منقطعہ ہوگی، اور کتاب میں اسی صورت کی طرف اشارہ ہے اھ، بحر میں مجتبٰی اور مبسوط سے منقول ہے کہ یہی اصح ہے، اور نہایہ میں ہے کہ اس کو اکثر مشائخ نے اختیار کیا ہے اور ابن فضل نے اس کی تصحیح کی ہے، اور ہدایہ میں ہے کہ یہ اقربِ فقہ ہے، اور فتح میں کہا کہ یہ فقہ کے اشبہ ہے اور یہ کہ اکثر متاخرین اور اکثر مشائخ میں کوئی تعارض نہیں ہے، یعنی اکثر مشائخ سے مراد متقدمین ہیں، اور شرح ملتقی میں حقائق سے منقول ہے کہ اقوال میں سے یہی اصح ہے اور اسی پر فتوٰی ہے اھ، اور اختیار اور نقایہ میں اسی پر رجحان ہے، اور نہر کی کلام میں اس کے

---

[1] جامع الرموز باب الولی والکفاءۃ مکتبۃ الاسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/۴۶۹

[2] درمختار باب الولی مطبع مجتبائی دہلی ۱/۱۹۴

الی اختیارہ و فی البحر والاحسن الافتاء بما علیہ اکثر المشائخ[1] اھ کلام الشامی، **قلت** والزیلعی مع قولہ للاول علیہ الفتوی ذکر تصحیح الثانی عن شمس الائمۃ السرخسی ومحمد بن الفضل ثم قال وھذا احسن[2] اھ وقال فی جواھر الاخلاطی وعلیہ الفتوی[3] کما فی الھندیۃ وراینتی کتبت ھھنا علی ھامش ردالمحتار علی قول البحر الاحسن الافتاء الخ مانصہ **قلت** لاسیما فی ھذا الزمان فان العجلۃ الدخانیۃ قد ردت مسافۃ القصر الی اکثر من مسافۃ ساعتین فکیف یبنی الامر علیھا بل وجب التعویل علی ما افتی بہ اکثر المشائخ رحمھم اللہ تعالی اھ[4] ماکتبت **اقول** وشئ اٰخر وھو ان القول الثانی بنی الامر علی الحاجۃ والتضرر ولا شک ان الولایۃ انما ھی للنظر ودفع الضرر فکان من الفقہ اثبات الولایۃ للذی یلی الاقرب عند کونہ بحیث لو وقف الامر علی رائہ لتضررت بہ القاصرۃ وعدمہ

مختار ہونے کا اشارہ ہے، اور بحر میں کہا کہ جس پر اکثر مشائخ ہوں اس پر فتوی بہتر ہے، شامی کا کلام ختم ہوا، **قلت** (میں کہتا ہوں) زیلعی نے پہلے قول پر فتوی کہا اس کے باوجود انھوں نے شمس الائمہ سرخسی اور محمد بن فضل کی دوسرے قول پر تصحیح نقل کی، پھر کہا یہ احسن ہے اھ، اور جواہر اخلاطی میں کہا کہ اس پر فتوی ہے جیسا کہ ہندیہ میں ہے۔ مجھے یہاں پر ردالمحتار پر اپنا حاشیہ یاد ہے جب انھوں نے بحر کے قول کہ "اس پر فتوی ہے" الخ کو بیان کیا حاشیہ کی عبارت یہ ہے: میں کہتا ہوں کہ خصوصا اس زمانہ میں جبکہ ریل گاڑی نے سفر کی مسافت کو ایک دو گھنٹہ کی مسافت میں تبدیل کردیا ہے تو مسافت کو بنیاد بنانا کیسے درست ہوگا بلکہ اکثر مشائخ کے فتوی پر اعتماد ضروری ہے۔ میرا حاشیہ ختم ہوا۔ **اقول** ایک اور چیز ہے وہ یہ کہ دوسرے قول کی بنیاد حاجت اور نقصان پر ہے اور اس میں شک نہیں کہ ولایت کا اثبات شفقت اور دفع ضرر پر مبنی ہے، تو فقہ یہ ہوگی کہ اقرب ولی کے بعد والے کو ولایت تب ہی ہوسکتی ہے جب ولی اقرب ایسے مقام پر ہو کہ اگر اس کی رائے اور اجازت حاصل کی جائے تو نابالغہ کو نقصان ہو اور اگر نقصان

---

[1] ردالمحتار باب الولی دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۳۱۵

[2] تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق باب الاولیاء والاکفاء مکتبہ کبری امیریہ بولاق مصر ۱/۱۲۷

[3] فتاوی ہندیہ الباب الرابع فی الاولیاء نورانی کتب خانہ پشاور ۱/۲۸۵

[4] جد الممتار باب الولی قول ۶۱۴ المجمع الاسلامی مبارکپور، بھارت ۲/۳۸۴

عند عدمه كما اذا كانت صغيرة جدا ولا كفؤ يستعجل ولا حرج فى الانتظار ففيم يفتات على الاب الشفيق ويوكل الامر الى بعيد سحيق وربما لا يومن ان يترك النظر لها لمصلحة نفسه او لجلب حطام فظهر ان فى القول الاول سلب الولاية حيث يحتاج اليها كالمختفى فى البلد واثباتها حيث لا حاجة اليها كما فى هذه الصورة هذا ورأيتنى كتبت على قول الدر وثمرة الخلاف الخ ما نصه اقول وحيث المدار عند اهل القول الثانى على فوات الكفؤ فكما لم يعتبر مسافة القصر شرطا للانتقال كذلك لا نظر اليها عند عدم الفوات والاستعجال فلو وجدت ولو فقت الكفؤ بانتظاره او استطلاع رائه لم يجز تزويج الابعد على الثانى خلافا للاول فالثمرة غير محصورة فيما قال هذا ما ظهر لى

نہ ہو تو پھر بعد والے کو ولایت نہیں ہوگی، مثلاً ایک چھوٹی بچی ہو جس کے لئے کفو کی کوئی عجلت نہیں اور نہ ہی اس کے نکاح کے لئے ولی اقرب کے انتظار میں کوئی حرج ہے تو پھر کیونکر ولی اقرب شفیق باپ کی ولایت کو ختم کرکے دوسرے بعید غیر شفیق کو ولایت سونپی جائے جبکہ یہ ممکن ہے کہ وہ بعید اپنے ذاتی فائدہ اور اپنی مصلحت کی خاطر بچی کے فائدہ کو نظر انداز کردے، تو ظاہر ہوا کہ پہلے قول میں اقرب کی ولایت کے سلب ہونے کی بات وہاں ہوگی جہاں حاجت اور ضرورت ہوگی جیسا کہ کوئی شہر میں گم ہو جائے اور حاجت پیدا ہو جائے، اور جہاں حاجت نہیں وہاں ولایت ثابت رہے گی، جیسا کہ مذکورہ صورت ہے۔ مجھے دُرر کے قول "وثمرة الخلاف" پر اپنا حاشیہ یاد ہے جس کی عبارت یہ ہے **اقول** (میں کہتا ہوں) جب دوسرے قول والوں کے ہاں مدار کفو کا فوت ہونا ہے اس بنیاد پر ولایت کے منتقل ہونے کے لئے جیسے مسافتِ سفر (قصر) شرط نہیں ہے ایسے ہی یہ مسافت سفر، کفو فوت ہونے کے باوجود عجلت کے لئے بھی پیشِ نظر نہیں ہے، تو مسافتِ سفر ہونے کے باوجود اقرب کی انتظار اور اس کی رائے حاصل کرنے میں کفو فوت نہ ہو تو ولی ابعد کا نکاح کرنا درست نہ ہوگا۔ یہ دوسرے قول کا ماحصل ہے جبکہ پہلا قول اس کے خلاف ہے، تو ثمرۃ اختلاف، ان کے بیان میں محصور نہ رہا، یہ ہے

ف: جد الممتار میں خط کشیدہ عبارت یوں ہے: لا تعتبر علة تامة له بل ان وجدت المسافة الخ۔ نذیر احمد

فلیحرر[1] اھ وھو کما تری ظاھر محرر لما علمت ولما مر من عبارات الملتقی و الذخیرۃ وغیرھما فان مفاھیم الخلاف معتبرۃ فی عبارات العلماء بالوفاق کما نصوا علیہ بالاطباق ثم رأیت فی مجمع الانھر فلو انتظرۃ الخاطب لم ینکح الابعد[2] فھذا عین ما فھمت و للہ الحمد، واللہ سبحانہ وتعالٰی اعلم۔

جو مجھے ظاہر ہوا تو تحقیق چاہئے اھ تو یہ بیان ظاہر ہے جیسا کہ آپ معلوم کرچکے ہیں اور ملتقٰی، ذخیرہ وغیرہما کی عبارات سے گزرا، کیونکہ بالاتفاق علماء کی عبارات میں مفہوم مخالف معتبر ہے، جیسا کہ اس پر سب کی نص موجود ہے، اس کے بعد میں نے مجمع الانہر میں دیکھا کہ اگر منگنی والا انتظار کرے تو ولی ابعد نکاح نہ دے، یہی میرا موقف ہے وللہ الحمد واللہ سبحانہ وتعالٰی اعلم (ت)

سوال سوم

یہ جو فقہاء لکھتے ہیں کہ ولی ابعد غیبت میں اقرب کے نکاح کرا سکتا ہے، یہاں ولی ابعد سے کیا مراد ہے عصبہ یا مطلق وارث؟ گو ذوی الارحام میں سے ہو۔ اگر مراد عصبہ ہے تو حدیث عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے جو موطائے امام محمد کے باب الرجل یجعل امر امرأتہ بیدھا میں مخرج ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے اپنی بھتیجی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی بیٹی کا نکاح عبداللہ بن زبیر سے کرادیا باوجودیکہ عبدالرحمٰن شام میں تھے، کیا جواب ہے کہ عمہ ذوی الارحام سے ہے۔

الجواب

ابعد میں افعل التفضیل اپنے باب پر نہیں بلکہ اس سے ہر ولی بعید مراد ہے مگر نہ مطلقاً بلکہ وہی جو اُس ولی اقرب کے متصل ہو یعنی باقی تمام اولیاء میں کوئی اُس سے اقرب نہ ہو سب اُس سے نیچے ہوں یا برابر، مثلاً باپ غائب اور جد و برادران و عم موجود ہیں تو ولایت جد کے لئے ہے، نہ برادران و عم کے واسطے اور جد نہ ہو تو سب برادران ہمسر کو، نہ عم کو۔

فی ردالمحتار المراد بالابعد من یلی الغائب فی القرب کما عبر بہ فی کافی الحاکم وعلیہ فلو کان الغائب اباھا ولھا جد وعم فالولایۃ

ردالمحتار میں ہے کہ ابعد سے مراد ولی اقرب کے بعد دوسرے مرتبے والا ہے جیسا کہ اس کی تعبیر امام حاکم کی کافی میں ہے، اس بنا پر اگر والد غائب کے بعد لڑکی کا دادا اور چچا دونوں موجود ہوں تو ولایت دادا کو

---

[1] جد الممتار باب الولی قول ۶۱۶ المجمع الاسلامی مبارکپور بھارت ۲/۳۸۴
[2] مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر فصل فی الاولیاء دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۳۳۹

للجد لا للعم[1]۔ ہوگی، چچا کو نہ ہوگی۔ (ت)

اور جبکہ ذوی الارحام بلکہ مولی الموالاۃ بھی ہمارے نزدیک سلسلۂ اولیاء میں داخل تو من یلی الغائب فی القرب (جو قرب میں بعد والے مرتبہ پر ہو۔ ت) انھیں بھی شامل، مثلاً ولد الام ولی اقرب غائب ہے تو اس کے من یلی فی القرب یہی ذوی الارحام ہیں اور ذوی الارحام اقرب الاولیاء الموجودین ہوں تو اُن کی غیبت میں مولی الموالاۃ من یلی ہے کما ھو قضیۃ الترتیب وھو ظاھر جدا (جیسا کہ ترتیب کا تقاضا ہے، یہ بالکل ظاہر ہے۔ ت) درمختار میں ہے:

ثم لولد الام ثم لذوی الارحام ثم مولی الموالاۃ ثم للسلطان[2] الخ۔

پھر والدہ کے بیٹے اور پھر ذوی الارحام کو پھر معاہدہ والے کو پھر سلطان کو حقِ ولایت ہے الخ (ت)

اور ردالمحتار میں اختیار سے ہے:

ولا تنتقل الی السلطان لان السلطان ولی من لا ولی لہ وھذہ لھا اولیاء[3]۔

سلطان کو ولایت منتقل نہ ہوگی کیونکہ سلطان اس وقت ولی بنتا ہے جب دوسرا کوئی ولی نہ ہو جبکہ اس کے یہ اولیاء موجود ہیں۔ (ت)

جب ہمارے نزدیک ذوی الارحام ومولی الموالاۃ بھی سلطان پر مقدم تو بحکم ھذہ لھا اولیاء (یہ اس کے اولیاء ہیں۔ ت) یہاں بھی لا تنتقل الی السلطان (سلطان یعنی حکم کو منتقل نہ ہوگی۔ ت) کا حکم محکم مگر صرف اس قدر کہ ذوی الارحام بھی کبھی بحالتِ غیبت اقرب ولایت پاتے ہیں، حدیث ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے رفع شبہۂ مذکورہ نہ کرے گا، اوپر معلوم ہوچکا کہ مطلقاً ہر بعید ولی نہیں ہوجاتا بلکہ وہی جو اس اقرب کے بعد سب سے اقرب ہے، پدر وعمہ کے درمیان تمام عصبات وتمام اصحابِ فروض وبعض ذوی الارحام بکثرت اولیاء ہیں، حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن بن الصدیق رضی اللہ تعالٰی عنہم کے لئے بحالتِ غیبتِ پدر اُن میں کسی کا اصلاً موجود نہ ہونا یہاں تک کہ ولایت حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہا کے لئے ثابت ہو بہت مستبعد ہے، بلکہ جواب یہ ہے کہ واقعہ عین لا عموم لھا (یہ خاص واقعہ ہے اس میں عموم نہیں ہے۔ ت) وقائع عین ہرگونہ احتمال کے محل ہوتے ہیں، ممکن کہ حضرت حفصہ

---

[1] ردالمحتار باب الولی دار احیاء التراث بیروت ۲/۳۱۵
[2] درمختار " مطبع مجتبائی دہلی ۱/۱۹۳
[3] ردالمحتار " دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/۳۱۵

وقتِ نکاح بالغہ ہوں تو ان پر ولایت مجبرہ کسی کو نہیں۔ ممکن کہ حضرت امّ المومنین رضی اللہ تعالٰی عنہا نے حضرت منذر بن زبیر رضی اللہ تعالٰی عنہما کو تزویج کے لئے تجویز و پسند فرمایا اور اقرب الاولیاء الحاضرین کو اُن سے نکاح کر دینے کا حکم کیا اور انھوں نے حسبِ حکم والا نکاح کر دیا ہو تو نکاح ہُوا تو ولی مستحق ہی کی ولایت سے، مگر حضرت کے حکم حضرت کی رائے حضرت کی تجویز سے ہونے کے باعث حضرت کی طرف منسوب ہُوا ایسی نسبتیں شائع و ذائع ہیں جیسے:

فتح الامیر الحصن وقطع السلطان اللص وغسل علی فاطمۃ رضی اللہ تعالٰی عنہما۔

امیر نے قلعہ فتح کیا، سلطان نے چور کا ہاتھ کاٹا، علی نے فاطمہ کو غسل دیا رضی اللہ تعالٰی عنہما (ت)

جب منذر بن زبیر نے حضرت عبدالرحمٰن کی ناراضی پاکر اُنھیں اختیار دیا کہ وُہ چاہیں تو تفریق کر دیں حضرت عبدالرحمٰن نے اس پر اپنی خواہر مطہرہ سے عرض کی ماکنت لارد امرا قضیتہ[1] مجھے نہیں پہنچتا کہ اس بات کو رد کروں جس کا آپ نے حکم فرمایا، اور اگر انہا مرد وجت حفصۃ کے معنے یہی رکھے جائیں کہ ام المومنین نے بنفسِ نفیس تزویج فرمائی تو ممکن کہ ولی مستحق سے ذکر فرما کر اجازت لے لی ہو، اب یہ صورت توکیل کی ہو جائیگی بہرحال کوئی مقامِ شُبہہ و اشکال نہیں، یہ وُہ وجوہ ہیں کہ خاطرِ فقیر میں آئیں، اور امام مالک رحمہ اللہ تعالٰی نے ام المومنین کے خصائص سے شمار فرمایا کہ بوجہ اس قرب کے جو حضرت قدسی منزلت کو حضور پُرنور سید عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے تھا، اُن کی یہ تزویج جائز رہی، زرقانی علی مؤطا للامام مالک میں ہے:

قال مالک فی الموازیۃ انما کان ذلک لمثل عائشۃ لمکانہا من رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم[2] الخ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

امام مالک نے موازیہ میں فرمایا: یہ صرف حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کو حق تھا کیونکہ ان کو رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے خاص تعلق تھا الخ۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

سوال چہارم

اُس مسئلہ میں اگر ولی ابعد نے غیر برادری میں نکاح کر دیا تو کیا حکم ہوگا؟

الجواب

ولی اقرب کہ غائب ہے پدر یا جد صحیح ہے ہر ایک غیر معروف لبسوئے اختیار یا معروف کہ اس سے

---

[1] مؤطا الامام مالک کتاب الطلاق مالایبین من التملیک میر محمد کتب خانہ کراچی ص ۵۱۳

[2] شرح الزرقانی علی مؤطا الامام مالک کتاب الطلاق مکتبہ تجاریہ کبرٰی مصر ۳/ ۱۷۲

پہلے اپنی ولایت سے کسی بچے کا نکاح غیر کفو سے یا مہر مثل میں غبن فاحش کے ساتھ کر چکا ہو یا اُن دونوں کا غیر، اور جبکہ غائب پدر ہو تو ولی ابعد جد معروف بسوئے اختیار یا غیر معروف یا کوئی اور، یہ نو صورتیں ہوئیں اور ہر تقدیر پر غیبت منقطعہ ہے یا غیر۔ وہ غیر برادری خواہ برادری والا کفو ہے یا غیر یعنی نسب یا مذہب یا حرفت یا روش یا مال غرض کسی بات میں اس سے ایسی کمی رکھتا ہے کہ اس سے نکاح اس کے اولیاء کے لئے باعثِ ننگ وعار ہے، نکاح مہر مثل میں غبن فاحش کے ساتھ ہُوا مثلاً دختر کا مہر مثل ہزار تھا پانسو باندھے یا زوجہ پسر کا پانسو تھا ہزار باندھے یا غیر۔ یہ جملہ بہتر[۷۲] صورتیں ہوئیں، ان کے حکم کا ضابطہ بتوفیق اللہ تعالٰی یہ ہے کہ اگر غیبت غیر منقطعہ تھی اور ولی غائب پدر یا جد غیر معروفین بسوئے اختیار ہیں تو یہ نکاح مطلقاً ان کی اجازت پر موقوف ہے اگرچہ غیر کفو و غبن فاحش سے ہو، اور اگر غائب مذکور معروف بسوء اختیار تو نکاح مطلقاً باطل محض، اگرچہ غیبت پدر میں جد صحیح غیر معروف بسوئے اختیار نے کیا ہو۔

والوجه فی ذلك ان الغيبة اذا لم يكن منقطعة لا تكون الولاية لغيره كما قدمنا فی مسئلة الاولی والاب والجد لهما التزويج بغير الكفؤ وبالغبن الفاحش اذا لم يعرفا بسوء الاختيار لا اذا عرفا به كما فی الدر المختار[۱] وغيره من الاسفار وقد قال فيه وفی متنه تنوير الابصار فی فصل الفضولی كل تصرف صدر منه كتزويج وله مجيزا ای من يقدر علی اجازته حال وقوعه انعقد موقوفا وما لا مجيز له حالة العقد لا ينعقد[۲] اھ فاذا لم يعرفا به

اس میں وجہ یہ ہے کہ جب تک غیبۃ منقطعہ نہ ہو تو غیر کو ولایت حاصل نہیں ہوتی جیسا کہ پہلے مسئلہ میں ہم نے ذکر کیا ہے، اور باپ اور دادا کو اس وقت غیر کفو اور گراں مہر یا انتہائی کم مہر کے ساتھ نکاح کی اجازت ہے جب وہ سوء اختیار میں معروف نہ ہوں، اس میں معروف ہونے کی صورت میں جائز نہیں جیسا کہ درمختار وغیرہ میں ہے جبکہ درمختار اور اس کے متن تنویر الابصار میں فضولی کی بحث میں مذکور ہے کہ تمام وہ تصرفات جن کے صادر ہونے پر وہ کسی کی اجازت پر موقوف ہوں تو اجازت دینے والے کی موجودگی میں وہ تصرفات موقوف قرار پائیں گے اور اگر ایسے تصرفات کی اجازت دینے والا موجود نہ ہو تو پھر یہ تصرفات منعقد ہی نہ ہوں گے اھ، تو جب

---

[۱] درمختار — باب الولی — مطبع مجتبائی دہلی — ۱/۱۹۲

[۲] درمختار شرح تنویر الابصار — فصل فی الفضولی — " " " — ۲/۳۱

فهذا عقد وقع وله من يملك تنفيذه فوقف وان عرفا فلا[ع۵] فلا توقف بتزويج جد لم يعرف به بغيبة اب معروف به وان كان الجد يملكه اذا لم يعرف به فان هذا انما هو حين قيام ولايته وهو عند غيبة للاب غيبة غير منقطعة لا يلي اصلا ولو من كفؤ فضلا عن غيره۔

باپ دادا سوءِ اختیار سے معروف نہ ہوں تو یہ عقد درست ہو کر اجازت پر موقوف رہے گا کیونکہ اس عقد کو جائز کرنے والا خود موجود ہے، اور اگر سوءِ اختیار میں معروف ہوں تو منعقد نہ ہوگا اور نہ موقوف ہوگا، تو اس صورت میں سوءِ اختیار میں غیر معروف دادا، اگر اس باپ کی غیبت غیر منقطعہ میں جو سوءِ اختیار میں معروف ہو نکاح کردے تو یہ نکاح موقوف نہ رہے گا اگرچہ دادا غیر معروف بسوءِ اختیار خود نکاح دینے کا مالک ہوتا ہے مگر یہاں اس لئے نہیں کہ باپ غیبۃ منقطعہ میں غائب نہیں بلکہ وُہ غیر منقطعہ غیبۃ میں غائب ہے تو ایسی صورت میں دادے کو ولایت منتقل نہیں ہوتی اگرچہ دادا کفوٗ میں بھی کرے چہ جائیکہ غیر کفوٗ میں کرے۔ (ت)

اور اگر ولی غائب غیر اب وجد ہے تو کفو سے بے غبن فاحش اجازت غائب پر موقوف لقیام ولایتہ بعدم الانقطاع (عدمِ انقطاع کی بناء پر ولایت باقی رہنے کی وجہ سے۔ ت) اور غیر کفو یا غبن فاحش سے مطلقاً باطل لعدم المجیز (جائز کرنے والا نہ ہونے کی وجہ سے مطلقاً باطل ہے۔ ت) اگرچہ اس ولی غائب بغیبت غیر منقطعہ کے سوا صغیر وصغیرہ کا باپ یا دادا غیر معروف بسوئے اختیار غائب بغیبت منقطعہ زندہ موجود ہو کہ غیبت منقطعہ مثل موت ہے،

بناء علی ما صحح فی البدائع انها تنتقل الولایة عن الاقرب الی من یلیه فی القرب حتی لو زوجها حیث هو لم یجز والیه یمیل کلام المبسوط و الهدایة والفتح بل هما مصرحان

بدائع میں مذکورہ تصحیح کی بنا پر کہ ولایت اقرب سے منتقل ہو کر اس کے بعد والے قریبی کو حاصل ہوگی، حتی کہ اگر اقرب نے جہاں پر وُہ ہے وہاں نکاح کردیا ہو تو نافذ نہ ہوگا، اسی کی طرف مبسوط، ہدایہ اور فتح کا کلام مائل ہے، بلکہ آخری دونوں نے اس کی تصریح

ع۵ ای ان عرفا بسوء الاختیار فلا مجیز فلا توقف بل یبطل ثم فرع علیه فقال فلا توقف بتزویج جد الخ ۱۲ منه۔ (م)

یعنی اگر وہ معروف بسوءِ اختیار ہیں تو یہ نکاح موقوف نہیں، بلکہ باطل ہوگا، پھر اس پر تفریعاً کہا فلا توقف بتزویج جد الخ ۱۲ منہ (ت)

به وسیأتی بعض نصوصهما فی جواب الخامس وقواه الزیلعی روایة ودرایة و علیه فرع فی محیط السرخسی و ذکر الشامی انه الذی فی اکثر الکتب وقد قال فی الهدایة والبحر ففوضناه الی الابعد کما اذا مات الاقرب[1] اھ اما علی ما استظهر فی الخانیة والظهیریة والتنویر والدرر و علیه فرع الاسبیجابی فی شرح مختصر الطحاوی وعلیه مشی فی البحر من انها لاتنفی ولایته وانما تحدثها لمن یلیه فیکون کان هنا ولیین مستویین کاخوین او عمین فایهما عقد نفذ فالظاهر فیما ذکرنا التوقف اذا لم یکن الاب او الجد معروفا بسوء الاختیار لانه وقع وهو مجیز فافهم۔

کی ہے اور ان کی بعض نصوص پانچویں سوال کے جواب میں آئیں گی اور اسی کو زیلعی نے قوی قرار دیا درایۃً و روایۃً، اور اسی پر محیط سرخسی میں تفریع قائم کی اور شامی نے کہا کہ یہی اکثر کتب میں ہے جبکہ ہدایہ اور بحر میں کہا کہ ہم یہ ولایت ہمیشہ کے لئے دوسرے مرتبہ والے کو سونپ دیں گے جیسا کہ اقرب کے فوت ہوجانے پر ہوتا ہے اھ لیکن خانیہ، ظہیریہ، تنویر اور درر نے جس کو ظاہر قرار دیا اور شرح مختصر الطحاوی میں اسبیجابی نے جس پر تفریع قائم کی ہے اور بحر نے اسی کو اپنایا، وہ یہ ہے کہ اقرب غائب کی ولایت ختم نہ ہوگی، ہاں قربت میں دوسرے مرتبہ والے کے لئے بھی ولایت ثابت ہوجائے گی، گویا یوں دو مساوی ولی قرار پائیں گے جیسے دو بھائی یا دو چچے برابر ہوں تو دونوں کو ولایتِ نفاذ حاصل ہوتی ہے، جو بھی عقد کرے گا نافذ ہوگا، تو ظاہر وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا کہ باپ یا دادا اسوء اختیار سے معروف نہ ہوں تو نکاح موقوف رہے گا کیونکہ یہ حضرات نکاح کو جائز کرنیوالے موجود ہیں، غور کرو۔ (ت)

اور اگر غیبت منقطعہ تھی تو غیر کفو یا غبن فاحش سے مطلقاً بالکل مگر اُس صورت میں کہ غائب پدر ہو اور مزوج جدِ صحیح کہ نہ معروف بہ سوئے اختیار ہو نہ اس تزویج کے وقت نشے میں کہ اس تقدیر پر یہ عقد نہ صرف صحیح ونافذ بلکہ لازم ہوگا جو کسی طرح رد نہیں ہوسکتا اور اگر نکاح کفو سے بے غبن فاحش ہے تو مطلقاً تام و نافذ مگر ولی مزوج اگر جد ہے تو لازم بھی ہوگیا ورنہ غیر لازم کہ قاصر وقاصرہ کو اگر پیش از بلوغ نکاح کی خبر ہے تو بلوغ ہوتے ہی ورنہ بعد جب خبر پائیں اختیار ملے گا کہ اُس پر معترض ہوکر قاضیِ شرع سے نکاح فسخ کرالیں۔

والمسائل ظاهرة وفی کتب المذهب

یہ مسائل واضح اور مذہب کی کتب میں مذکور ہیں جبکہ

---

[1] الهدایۃ باب الاولیاء والاکفاء مکتبہ عربیہ کراچی ۲/۲۹۹
بحر الرائق " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۳/۱۲۶

دائرة وقد قال فی الخیریة قد نصوا علی
ان غیر الاب والجد اذا زوج الصغیر او
الصغیرة مع وجود احدهما ان کان
بغیبة وبموت الولایة له بالغیبة المجونزة
لذلك فلهما خیار البلوغ لانه زوج بالولایة[1] اھ
تنبیه کتبت ههنا علی هامش
رد المحتار ما نصه وانظر هل اذا
عاد الاب او الجد حتی عادت ولایته
کما نصوا علیه هل یکون له ایضا
الاعتراض قبل بلوغ الصغیرین ام
هو لهما خاصة حتی یبلغا والظاهر
هو الاول لانه لدفع ضرر خفی کما فی
الهدایة او ضرر غیر متحقق
کما فی الفتح فینبغی ثبوته
لمن له النظر وانما النظر
لدفع الضرر فلم ذا یؤخر مع
امکان الدفع قبل ان یتقرر
ثم ان قلنا بحصول ذلك للاب
والجد ولم یعارضا حتی بلغ
الصغیران فهل یکون هذا
الاعتراض عن الاعتراض مبطلا
لخیار الصغیرین کما لو زوج
الابوان بانفسهما الظاهر
لا لان النکاح اذا وقع لغیبتهما
فقد نفذ غیر موقوف علی

خیریہ میں کہا کہ فقہاء نے تصریح کی ہے کہ باپ اور دادا
کی غیر موجودگی میں اگر کسی غیر نے نابالغ لڑکے یا لڑکی کا
نکاح کردیا تو اگر باپ اور دادا ایسے غائب ہیں جس کی
بنا پر اس غیر کو ولایت اور اجازت ہوسکتی ہے تو لڑکے
اور لڑکی کو خیار بلوغ حاصل ہوگا کیونکہ غیر نے یہ نکاح اپنی
ولایت سے کیا ہے اھ **تنبیہ** میں نے یہاں رد المحتار
کے حاشیہ پر لکھا ہے جس کی عبارت یوں ہے کہ غور کرنا
ہوگا کہ کیا باپ یا دادا واپس آگئے تو لڑکے یا لڑکی کے
بالغ ہونے سے قبل ان کو دوبارہ ولایت لوٹ آئیگی
جس کی وجہ سے لڑکے اور لڑکی کے کئے ہوئے نکاح پر
ان کو اعتراض کا حق ہوگا یا اب ان کو اعتراض کا حق
نہیں بلکہ لڑکے یا لڑکی کو ہی اپنے بلوغ پر اختیار
رہے گا جیسا کہ عام فقہا نے تصریح کی ہے جبکہ ظاہر
پہلی صورت ہے کیونکہ کسی مخفی ضرر کی بناء پر جیسا کہ
ہدایہ میں ہے یا احتمال ضرر کی بنا پر جیسا کہ فتح میں ہے
صاحب شفقت کو اختیار ولایت ثابت ہے جبکہ
ولایت شفقت دفع ضرر کے لئے ہی ہوتی ہے، تو
بچوں کے بلوغ کی انتظار تک کیوں مؤخر کی جائے جبکہ
ضرر واقع ہوجانے سے قبل اس کے دفاع کا امکان
موجود ہے، پھر قابل غور یہ ہے کہ جب ہم تسلیم کرلیں
کہ باپ دادا کو ولایت دوبارہ مل گئی ہے اب وہ
نابالغ کے نکاح پر تعرض نہ کریں حتی کہ وہ بچے بالغ
ہوجائیں تو کیا باپ دادا کا تعرض نہ کرنا بچوں کے
خیار بلوغ کو ختم کردے گا جیسا کہ خود باپ دادا نے
نکاح کیا ہو تو نابالغ کا خیار بلوغ باطل ہوتا ہے،

[1] فتاوی خیریة باب الاولیاء دار المعرفة بیروت ۱/۲۵

اجازتہما فلم ینسب الیھما ایقاعا ولا انفاذ او اعراضھما عن اعتراضھما لا یوجب ابطال حق الصغیرین کما اذا لم یزاحما ظالما یتصرف فی مالھما فلیتامل ولیحرر[1] ما کتبتہ۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

تو ظاہر یہی ہے کہ والدین کے عدم تعرض سے خیارِ بلوغ ختم نہ ہوگا کیونکہ نکاح کے وقت ان کے غائب ہونے کی بنا پر ان کی اجازت پر موقوف نہ تھا تو نکاح کا نفاذ ان کی طرف منسوب نہ رہا، تو اب عدمِ تعرض اور اعتراض نہ کرنے کی وجہ سے بچوں کو حاصل شدہ اختیار باطل نہ ہوگا جیسا کہ ظالم نے بچوں کے مال میں تصرف کیا اور باپ دادا نے تعرض نہ کیا ہو۔ اس میں غور چاہیئے اور واضح کرنا چاہیئے۔ واللہ تعالٰی اعلم (ت)

سوال پنجم

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید سو کوس سے زائد سفر میں گیا ہے اُس کے مکان پر اُس کی والدہ اور اُس کی دختر زینب نامی اور اس کا پھوپھی زاد بھائی خالد موجود ہیں، زید نے اپنی والدہ کو لکھا کہ زینب کا نکاح بغیر میری اجازت کے نہ کرنا میں خود سفر سے آکر اپنے برادر کے پسر کے ساتھ کروں گا، مگر اس کی والدہ نے بغیر دریافت کئے زید کے اور بغیر دریافت کئے خالد کے جو موجود تھا اپنی رائے سے اپنی پوتی زینب نابالغہ کا نکاح بہت دُور کے عزیزوں میں کر دیا اس صورت میں زید سفر سے آنے کے بعد فسخِ نکاح کرا سکتا ہے یا نہیں؟ اور خالد جو بحالتِ عقد اپنے مکان پر موجود تھا اور اس کی رائے کے خلاف نکاح ہوگیا تو آیا یہ بھی زینب نابالغہ کا نکاح فسخ کرا سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب

خالد تو یہاں کوئی چیز نہیں، نہ اسے کچھ اختیار کہ ابن عمّ الاب ذوی الارحام سے ہے، اور دادی بالاتفاق اُن پر مقدم،

فی الدر المختار الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ علی ترتیب الارث والحجب فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم لام الاب الی قولہ ثم ذوی الارحام[2]۔

درمختار میں ہے: نکاح میں ولی، وراثت وحجب کی ترتیب پر عصبات بنفسہ ہوتے ہیں، اگر عصبات نہ ہوں تو پھر ولایت ماں کو پھر دادی کو ہوتی ہے، ان کا بیان ذوالارحام تک ہُوا۔ (ت)

---

[1] جد الممتار باب الولی قول ۵۶۹ المجمع الاسلامی مبارکپور ۲/ ۳۶۹

[2] درمختار " مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۱۹۲

مگر تقریرِ سوال سے جو صورت ظاہر وہ صاف شہادت دے رہی ہے کہ یہ نکاح اس وجہ پر واقع نہ ہُوا جو شرع مطہر نے غیبتِ ولی اقرب میں ولی ابعد کے لئے رکھی ہے قطع نظر اس سے کہ یہاں دادی ولی ابعد ہے بھی یا نہیں (کہ ابعد وُہ جو اقرب کے بعد مرتبۂ ولایت میں ہو غیبتِ پدر میں دادی اس وقت ولی ابعد ہوسکتی ہے کہ دادا، بھائی، بھتیجا، چچا، چچا کا بیٹا سگے سوتیلے، غرض دادا پردادا کی اولاد کا کوئی مرد عاقل بالغ کتنے ہی دُور کے رشتے کا اصلاً موجود نہ ہو، نہ زینب کی ماں حاضر ہو کہ یہ سب مراتب ولایت میں دادی پر مقدم کما تقدم وقد حققنا تقدم الام علی ام الاب فیما علقنا علی ردالمحتار) (جیسا کہ پہلے گزر چکا اور ہم نے ردالمحتار کے حاشیہ میں تحقیق کی ہے کہ ماں کو دادی پر تقدم حاصل ہے۔ت) مذہبِ معتمد میں بحالتِ غیبت اقرب ولی ابعد کو بے اجازت اپنی رائے سے صغیرہ کا نکاح کر دینے کا اختیار صرف اس ضرورت سے دیا جاتا ہے کہ سرِدست صغیرہ کے لئے کوئی کفو خواستگار حاضر و موجود ہے اور اُسے اتنی مہلت منظور نہیں کہ ولی اقرب واپس آئے یا اُس کا جواب لیا جائے، اگر اتنا انتظار کرتے ہیں تو اس دیر کے باعث کفو موجود نکاح پر راضی نہ ہوگا اور موقع ہاتھ سے نکل جائے گا فواتِ کفو کے سبب صغیرہ کو نقصان پہنچے گا کہ کفو ہر وقت میسر نہیں آتا، کیا معلوم پھر ہاتھ نہ لگے، لہذا بضرورت اُس ولی اقرب کے بعد کے درجے کا جو ولی حاضر ہے شرع مطہر اسے اجازت دیتی ہے کہ تو کر دے وجہ یہ کہ احراز کفو شرع مطہر میں سخت مہم و مہتم بالشان ہے اور کفو حاضر کا ہاتھ سے کھو دینا ضرور نقصان، بلکہ سرے سے نابالغ پر ولایت تزویج کی تشریع اگرچہ باپ ہی کی ہو اسی حکمت کے لئے واقع ہوئی ورنہ بچپن میں نکاح کی کیا ضرورت۔ فتح القدیر میں ہے:

النکاح یراد لمقاصدہ ولا تتوفر الابین المتکافئین عادۃ ولا یتفق الکفؤ فی کل زمان فاثبات ولایۃ الاب بالنص بعلۃ احراز الکفؤ اذا ظفر بہ للحاجۃ الیہ اذ قد لا یظفر بمثلہ اذا فات بعد حصولہ[1]

نکاح بعض مقاصد کے لئے ہوتا ہے جو عادتاً دو ہم مثل حضرات سے پورے ہوتے ہیں، اور یہ مماثلت اور کفو ہر وقت میسر نہیں ہوتی، اور باپ کو ولایت نص سے ثابت ہُوئی ہے تاکہ وُہ ضرورت کے وقت کفو کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکے، کیونکہ ہر وقت کفو میسر آنے کے بعد ضائع ہوجانے پر حاصل نہیں ہوتی۔ (ت)

حدیث میں ہے حضور سیدِ عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

یاعلی ثلاث لا تؤخرھا الصلوٰۃ اذا

اے علی! تین چیزوں میں دیر نہ کرنا، نماز جب اس کا

---

[1] فتح القدیر باب الاولیاء المکتبۃ النوریۃ الرضویۃ سکھر ۳/ ۱۷۳

انت والجنازۃ اذا حضرت والایم اذا وجدت لہا کفوا۔ رواہ الترمذی و الحاکم عن امیر المؤمنین علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ۔

وقت آئے، اور جنازہ جب حاضر ہو، اور رنڈی بے شوہر جب اس کے لئے کفو پائے (اس کو ترمذی اور حاکم نے امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا ہے۔ ت)

دوسری حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا جاءکم الاکفاء فانکحوھن ولا تربصوا بھن الحدثان۔ رواہ فی مسند الفردوس عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما۔

جب تمہارے پاس کفو آئیں تو لڑکیاں بیاہ دو اور اُن کے لئے حادثوں کا انتظار نہ کرو (اس کو مسند فردوس میں ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا ہے۔ ت)

یعنی دیر میں شاید کوئی حادثہ پیش آئے کہ فی التاخیر آفات (تاخیر میں کئی آفتیں ہیں۔ ت) چند حدیثوں میں ہے حضور پُرنور صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا اتاکم من ترضون خلقہ ودینہ فزوجوہ الا تفعلوا تکن فتنۃ فی الارض و فساد عریض۔ رواہ الترمذی وابن ماجۃ و الحاکم عن ابی ھریرۃ وابن عمر والترمذی والبیہقی فی السنن عن ابی حاتم المزنی رضی اللہ تعالٰی عنہم۔

جب تمہارے پاس وہ شخص آئے جس کا چال چلن اور دین تمہیں پسند ہو تو اس سے نکاح کردو ایسا نہ کروگے تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد برپا ہوگا۔ (اسے ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اور ابن عدی نے ابن عمر، اور ترمذی اور بیہقی نے سُنن میں ابوحاتم المزنی رضی اللہ تعالٰی عنہم سے روایت کیا ہے۔ ت)

ذخیرہ و ردالمحتار میں ہے:

الاصح انہ اذا کان فی موضع لو انتظر حضورہ او استطلاع

اصح یہ ہے کہ اگر ایسے مقام پر ہو کہ اس کی واپسی کے انتظار اور اس کی رائے حاصل کرنے سے موجودہ

---

[1] جامع الترمذی ابواب الصلوٰۃ ص ۲۴، ابواب الجنائز ص ۱۲۰ امین کمپنی کتبخانہ رشیدیہ دہلی ج ۱

المستدرک للحاکم کتاب النکاح باب تزوجوا الودود الولود دارالفکر بیروت ۲/ ۶۳-۱۶۲

[2] کنزالعمال بحوالہ فر عن ابن عمر حدیث ۴۴۹۳ موسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۶/ ۳۱۷

[3] جامع الترمذی ابواب النکاح باب ماجاء من ترضون دینہ الخ امین کمپنی کتب خانہ رشیدیہ دہلی ۱/ ۱۲۸

المستدرک کتاب النکاح دارالفکر بیروت ۲/ ۱۶۵

رائه فات الکفؤ الذی حضر فالغیبۃ منقطعۃ والیہ اشار فی الکتاب[1]۔

کفو فوت ہو جائے گا تو ایسے مقام پر ولی اقرب کی غیبۃ منقطعہ ہوگی، اور اسی کی طرف کتاب میں اشارہ ہے (ت)

فتح القدیر میں ہے:

اذا بقینا ولایۃ الاقرب ابطلنا حقھا وفاتت مصلحتھا[2]۔

ولی اقرب کی (باوجود غائب ہونے کے) ولایت کو باقی رکھیں تو لڑکی کا حق باطل اور اس کی بھلائی فوت ہو جائے گی۔ (ت)

ہدایہ میں ہے:

ھذا اقرب الی الفقہ لانہ لا نظر فی ابقاء ولایتہ حینئذ[3]۔

یہ بات فقہ سے اقرب ہے کیونکہ یہاں اقرب کی ولایت کو باقی رکھنے میں بچی پر شفقت نہیں ہے (ت)

تو ابعد کے لئے حصولِ ولایت تین شرط پر مشروط ہے،

اوّل یہ ابعد بغیبت اقرب جس کے نکاح میں دے صغیرہ کا کفو ہو،

فانہ ان لم یکن کفوا فایش یفوتہ والام تمس الحاجۃ۔

اگر وُہ کفو نہ ہو تو پھر کس چیز کے فوت ہونے کا خطرہ اور ماں کو کس کی حاجت محسوس ہوئی (ت)

دوم وُہ کفو ولی اقرب کا جواب آنے تک نہ رُکے ورنہ ہرگز ابعد کو اختیار نہ ہوگا۔ جامع الرموز و مجمع الانہر میں ہے:

لو انتظرہ الخاطب لم ینکح الابعد[4]۔

اگر منگنی طلب کرنے والا ولی اقرب کا انتظار کرتا ہے تو پھر ولی ابعد نکاح نہ کرے (ت)

منحۃ الخالق میں ہے:

ان رضی الخاطب ان ینتظر الی استیذان الولی الاقرب لم یصح للابعد العقد[5]۔

اگر منگنی والا ولی اقرب سے اجازت حاصل کرنے پر راضی ہے تو ابعد کا نکاح درست نہ ہوگا۔ (ت)

---

[1] رد المحتار باب الولی دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۳۱۵
[2] فتح القدیر باب فی الاولیاء مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۳/ ۱۸۴
[3] الہدایہ باب فی الاولیاء والاکفاء المکتبۃ العربیۃ کراچی ۲/ ۲۹۹
[4] مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر " " " " دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۳۳۹
[5] منحۃ الخالق حاشیۃ علی البحر الرائق باب الاولیاء ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۳/ ۱۲۶

سوم اس جاری کرنے والے کفو کے سوا اور کوئی کفو خواستگار نکاح ایسا حاضر نہ ہو جو جواب آنے تک انتظار پر راضی ہو،

فانه حینئذ لایفوتها الکفو الخاطب بالفعل انما یفوت ان فات احدهما ولیس فی ذلك ابطال حقها ولا تفویت مصلحتها حتی تسلب الولایة من قریب شفیق الی بعید سحیق وهذا ظاهر لاستترة علیه۔

کیونکہ اس صورت میں لڑکی کے لئے کفو والا رشتہ فوت نہ ہوگا، ہاں دونوں میں سے کوئی ایک فوت ہوا مگر اس سے لڑکی کا حق باطل ہوا نہ اس کی مصلحت فوت ہوئی جس کی بنا پر اقرب ولی کی ولایت سلب کی جائے جو کہ نہایت شفیق ہے اور بعید غیر شفیق کو دی جائے، یہ بالکل ظاہر بات ہے۔ (ت)

یہاں اولاً زید کا بھتیجا جس کے ساتھ تزویج زینب کا ارادہ وہ اپنے خط میں لکھ چکا ظاہراً صریح کفو خواستگار موجود ہے یہ دوسرا جس کے ساتھ نکاح کیا گیا اگر کفو بھی تھا اور اتنی دیر میں ہاتھ سے نکل بھی جاتا تو دوسرا تو موجود تھا تو وہ ضرورت جس کے لئے ولی ابعد کو اختیار ملنا متحقق نہ ہوئی، ولہذا علامہ خیر الدین رملی حاشیہ بحر الرائق مسئلہ عضل ولی اقرب میں فرماتے ہیں:

الولایة بالعضل نیابة انما انتقلت للقاضی لدفع الاضرار بها ولا یوجد مع ارادة التزویج بکفوٍ غیرہ[1]۔

رکاوٹ کی وجہ سے ولایت قاضی کو بطور نیابت منتقل ہوتی ہے تاکہ وہ لڑکی کو ضرر رسانی کا دفاع کر سکے، جبکہ ایک کفو کی بجائے دوسرے کفو کو نکاح دینا لڑکی کے لئے ضرر نہیں ہے۔ (ت)

علامہ شامی حاشیہ بحر میں لکھتے ہیں:

ان کان الکفء الآخر حاضرا وامتنع الاب من تزویجها من الاول واراد تزویجها من الثانی لایکون عاضلا لان شفقته دلیل علی انه اختار لها الانفع[2]۔

اگر دوسرا کفو موجود ہے اور باپ پہلے کو نکاح نہ دے اور وہ دوسرے کو دینا چاہتا ہے تو اس کو باپ کی رکاوٹ نہ کہا جائے گا کیونکہ اس کی شفقتِ پدری اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بچی کے لئے زیادہ مفید کو پسند کرتا ہے (ت)

---

[1] منحۃ الخالق بحوالہ الرملی فصل فی الاکفاء ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۳/۱۲۷
[2] منحۃ الخالق حاشیہ علی البحر الرائق " " " "

ثانیاً جب خط مذکور آنے اور ارادۂ زید ظاہر ہوجانے کے بعد یہ نکاح واقع ہُوا تو ظاہر کہ یہ جلدی اس لئے نہ تھی کہ کفوٗ حاضر کو اتنی مہلت نہیں زید کا جواب آنے تک بیٹھا نہ رہے گا بلکہ قصداً اس کی رائے کے خلاف جان کر بالا بالا کارروائی کرلی گئی کہ وُہ نہ آنے پائے اور اپنا مطلب ہوجائے یہ ہرگز نہ ضرورت نہ مصلحت نہ مراد شرع سے اسے مناسبت بلکہ مقصود شرع سے صاف مناقضت شرع مطہر نے مراتب ولایت کی ترتیب اسی دن کے لئے رکھی تھی کہ جس کی عقل کامل صغیر السن پر شفقت وافران بے چاروں کے کام آرام کا انتظام اہتمام اس کے ہاتھ میں دیا جائے نہ کسی کم شفقت یا ناقص العقل کے قبضے میں، اگر ترکِ انتظار اسی کا نام رکھا جائے کہ ولی اقرب کی رائے اپنے خلاف معلوم ہے لہٰذا اس سے دریافت کا انتظار نہیں کرتا کہ وُہ پُوچھے سے منع کردے گا تو ایسی غیبت تو ہر وقت نقد وقت ہوسکتی ہے آخر مذہب معتمد پر غیبت منقطعہ میں سفر درکنار شہر سے باہر ہونا بھی شرط نہیں کما فی الخانیۃ والبحر والدرر وغیرھا (جیسا کہ خانیہ، بحر اور درر وغیرہ میں ہے۔ ت) صغیرہ کا مہربان باپ اس کی مصلحت کا خواہاں اس کی مضرت سے ترساں جب مسجد میں نماز کو جائے گھر میں کوئی عورت ناقصۃ العقل والدین اپنی خواہش کے مطابق جس کفو کو چاہے بیٹی دے دے اگرچہ باپ جانتا ہو کہ اس سے رشتہ میں صغیرہ کی شامت ہے تو شرع مطہر میں باپ کی تقدیم اور اس کی رائے وشفقت پر اس قدر اعتماد عظیم (کہ اگر وہ ایک بار کفوٗ کے ہوتے غیر کفوٗ سے بیاہ دے تو تمام جہان میں کسی کو اختیارِ اعتراض نہیں کہ اس نے کفاءت سے بڑھ کر کوئی مصلحت سوچ لی ہوگی،

فی ردّ المحتار انہ لوفوض شفقتہ بالابوۃ لایزوج بنتہ من غیر کفوٍ اوبغبن فاحش الالمصلحۃ تزید علی ھذا الضرر کعلمہ بحسن العشرۃ معھا وقلۃ الاذی ونحو ذٰلک[1]

ردالمحتار میں ہے کہ وہ پدری شفقت کی بنا پر اپنی بیٹی کا نکاح غیر کفوٗ اور انتہائی کم مہر سے نہیں کریگا مگر جبکہ اس ضرر کی نسبت زیادہ فائدہ اور مصلحت پیشِ نظر ہو مثلاً لڑکی کے لئے اچھی معاشرت اور لڑکی کو اذیت سے تحفظ وغیرہ مقصود ہو۔ (ت)

سب بیکار ومعطل ہوکر رہ گئے ان ھذا البعید من الفقہ ای بعید (یہ فقہ سے بہت بعید ہے۔ ت) بلکہ ایسی باگ چھوڑنے میں سخت فتنوں کا احتمال قوی ہے مثلاً زن بے خرد اپنے کسی عزیز کے ساتھ بوجہ قرابت خواہ کسی طمع سے یا دلالہ خبائث کی باتوں میں آکر کسی شخص سے دخترِ قاصرہ کا نکاح چاہتی ہو پدر شفیق آگاہ ہو کہ یہ بدمذہب یا کم نسب ہے اور کسی وجہ سے کفو نہیں وہ منع کردے اُس کے جاتے ہی یہ ناقصۃ العقل اُس بُری جگہ

---

[1] ردالمحتار باب الولی دار احیاء التراث العربی بیروت ۲/ ۳۰۵

لڑکی اٹھادے اور دعوے کرے کہ یہ کفو تھا انتظار میں فوت ہوجاتا لہٰذا مجھے ولایت ملی اب کہیں یہ ہوگا کہ ذی عزت آدمی معاذ اللہ ایسے معاملات کچہری تک لے جاتے غیرت کرے اور قہر درویش بر جانِ درویش کہہ کر خاموش رہے تو نابالغہ کو کیسا ضررِ عظیم پہنچا اگر دعوے کرے تو عدمِ کفاءت کا ثبوت دینا دشوار ہو خصوصًا مثل مذہب میں کہ بہت بدمذہب خصوصًا روافض ایسی جگہ تقیہ کی بڑی ڈھال رکھتے ہیں تو ایسی اجازتوں میں کیسی آفتوں کا فتح باب ہے والعیاذ باللہ العزیز الحکیم (عزت وحکمت والے اللہ کی پناہ - ت)۔

ثالثًا مذہبِ معتمد بلکہ قولِ مقابل پر بھی ولی اقرب کی غیبت منقطعہ میں ابعد کو ولایت دینے کا منشا صرف یہ کہ ولایت اس لئے رکھی ہے کہ اس کی رائے سے نابالغ کو نفع پہنچے اور جب وہ ایسا غائب ہے تو اس کی رائے سے نفع معدوم، لہٰذا جو اس کے بعد درجہ رکھتا ہے اس کی رائے پر رکھیں گے۔ ہدایہ میں ہے:

ان ھذہ ولایۃ نظریۃ ولیس من النظر التفویض الی من لاینتفع برائہ فوضناہ الی الابعد والغیبۃ المنقطعۃ ان یکون بحال یفوت الکفؤ باستطلاع رأیہ[1] اھ ملتقطا۔

یہ نکاح کی ولایت شفقت پر مبنی ہے تو جس کی رائے سے انتفاع نہ ہوسکے ایسے کو ولایت سونپنا شفقت نہ کہلائے گی، لہٰذا ہم یہ روایت اس کے بعد والے ولی کو سونپتے ہیں، اور غیبۃ منقطعہ یہ ہے کہ وہ اقرب ایسی جگہ ہو کہ اس کی رائے حاصل کرنے میں کفو فوت ہوجائے، اھ ملتقطًا (ت)

فتح القدیر میں ہے:

لانظر فی التفویض الی من لاینتفع برائہ لان التفویض الی الاقرب لیس لکونہ اقرب بل لان فی الاقربیۃ زیادۃ مظنۃ للحکمۃ وھی الشفقۃ الباعثۃ علی زیادۃ اتفاق الرائی للمولیۃ فحیث لاینتفع برائہ اصلا سلبت الی الابعد[2]۔

جس کی رائے سے انتفاع ممکن نہ ہو اس کو ولایت سونپنا شفقت نہیں ہے کیونکہ اقرب کو ولایت اس لئے نہیں کہ وہ اقرب ہے بلکہ اس لئے کہ اقرب ہونے میں زیادہ شفقت کا پہلو ہے جو کہ لڑکی کے لئے فوائد سے اتفاق ہے، تو جہاں اس کی رائے سے انتفاع ممکن نہ ہو وہاں اسے ابعد کی طرف منتقل کیا جائے گا۔ (ت)

---

[1] الھدایۃ باب الاولیاء والاکفاء المکتبۃ العربیۃ کراچی ۲/ ۲۹۹

[2] فتح القدیر باب الاولیاء المکتبۃ النوریۃ الرضویۃ سکھر ۳/ ۱۸۳

بحرالرائق میں ہے:

قولہ وللابعد التزویج بغیبۃ الاقرب مسافۃ القصر ای ثلثۃ ایام فصاعدا لان ھذہ ولایۃ نظریۃ ولیس من النظر التفویض الی من لاینتفع برائہ فقوضناہ الی الابعد۔[1]

ماتن کا قول کہ "ابعد کو نکاح کردینے کی ولایت ہے جبکہ اقرب اتنی مسافت پر ہو جس سے قصر لازم ہو" یعنی تین دن یا زیادہ کی مسافت، کیونکہ یہ ولایت شفقت پر مبنی ہے، تو ایسے کو ولایت سونپنا جس کی رائے قابلِ انتفاع نہ ہو تو وہ شفقت نہ ہوگی، اس لئے ہم نے یہ ولایت ابعد کو سونپی ہے۔ (ت)

یہاں کہ ولی اقرب کی رائے سے انتفاع بالفعل حاصل وہ خط لکھ چکا اپنی رائے ظاہر کرچکا تو اب ابعد کی رائے پر رکھنے کا کیا منشا اس کی رائے تو اس لئے لی جاتی ہے کہ اقرب کی رائے سے انتفاع معدوم، نہ اس لئے کہ اس کی رائے سے جو نفع حاصل ہے اس کے رَدّ و ابطال کے واسطے یہ سراسر عکس مقصود ہے تو نظر بحالات واقعہ صاف ظاہر کہ یہ اس صورت سے بہت ابعد ہے جس میں شرع مطہر اقرب سے ابعد کی طرف ولایت نقل فرمائے، لاجرم غیبتِ زید غیبت منقطعہ نہیں اور وہی بدستور ولی اقرب ہے، اس کے سوا دادی وغیرہا کسی کا کیا نکاح نکاحِ فضولی ہے کہ زید کی اجازت پر موقوف تو فسخ کرا سکتا کیا معنی زید خود اپنے قول سے فسخ کرسکتا ہے زبان سے کہہ دے "میں نے یہ نکاح رد کیا" فوراً رد و باطل ہوجائے گا۔ محیط و ہندیہ و شرح تنویر وغیرہا میں ہے:

والفظ للاخیر لو زوج الابعد حال قیام الاقرب توقف علی اجازتہ۔[2]

عبارت آخری کتاب کی ہے کہ اگر ابعد نے اقرب کی موجودگی میں نکاح دیا تو یہ اقرب کی اجازت پر موقوف ہوگا۔ (ت)

یہ سب کلام اُس حالت میں ہے کہ جس سے زینب کا نکاح ہُوا زینب کا کفو ہو اور اگر کفو نہیں یعنی نسب یا مذہب یا پیشے یا چال چلن یا مال غرض کسی بات میں ایسا کم ہے کہ اس سے اس کا نکاح ہونا زید کے لئے باعثِ عار ہو جب تو حکم بلاد قت ظاہر کہ مذہب معتمد پر یہاں سرے سے غیبت منقطعہ کی پہلی ہی شرط متحقق نہ ہوئی تو ایسا نکاح قطعاً اجازتِ پدر پر موقوف ہے اگرچہ باپ ہزار کوس پر ہو وہ بھی جبکہ زید اس سے پہلے اپنی ولایت سے کوئی نکاح غیر کفو سے نہ کرچکا ہو ورنہ یہ نکاحِ زینب اُس کی اجازت پر بھی موقوف نہ رہا، سرے سے خود ہی باطل محض ہُوا لصدورہ من فضولی ولا مجیز (فضولی سے صادر ہونے اور اس کو جائز کرنے والا نہ ہونے کی بنا پر۔ ت)

---

[1] بحرالرائق باب الاولیاء ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۳/ ۱۲۶

[2] درمختار شرح تنویر الابصار " مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۱۹۴

ظاہر حال صورت سوال تو یہ ہے اور اگر فرض کیجئے کہ جدہ زینب کی یہ جلدی اور جس سے نکاح ہوا اس کی بے انتظاری اُس بنا پر نہ تھی بلکہ واقعی یہی امر تھا کہ صرف یہی کفو خواستگار ہے بھتیجا وغیرہ یا تو خواستگار ہی نہیں یا ہیں تو کفو نہیں، اور یہ کفو اپنی کسی ضرورت کے باعث اس درجہ مستعجل ہے، زید نے کہ خط لکھا اس وقت کوئی کفو خواستگار نہ تھا، اب اگر اُسے اطلاع ہو کہ یہ موقع ہاتھ آیا اور ایسا خواستگار پایا عجب نہیں کہ وہ بھی رضامند ہو مگر بے مہلتی کے باعث خط یا آدمی بھیج کر دریافت کرنے کا وقت کہاں انتظار میں کفو فوت ہوگا زینب کو ضرر پہنچے گا فی الواقع اگر حالت یہ تھی تو بیشک زید کی غیبت پر غیبت منقطعہ کی تعریف مذکور صادق نظر آئے گی اور کہا جائے گا کہ اب جو ولی حاضر درجاتِ ولایت میں اُس کے بعد ہے اُس نے ولایت پائی، اب اوّل تو یہ دیکھنا چاہئے کہ اس نکاح میں زینب کے مہر مثل میں کمی فاحش تو نہ ہوئی مثلاً اُس کا مہر مثل پچاس ہزار تھا پچیس ہزار بندھے، اگر ایسا ہے تو یہ نکاح مطلقاً باطل محض ہوا کہ اب باپ بھی جائز کرے تو جائز نہ ہوگا، مگر یہ کہ باپ کی غیبت منقطعہ میں زینب کا جد صحیح ولی حاضر ہو جو اس سے پہلے کوئی نکاح اپنے کسی زیر ولایت کا ایسی بے شفقتی کا نہ کر چکا ہو، اور یہ نکاح دادی نے اُس کی اجازت سے کیا یا بعد وقوع اس نے جائز رکھا اور نافذ کر دیا، اور اس اجازت سابقہ یا لاحقہ کے وقت نشے میں نہ تھا البتہ جائز بلکہ لازم ہوگا کہ پھر کسی طرح رَد نہیں ہو سکتا، مگر تقریر سوال سے زینب کا دادا موجود ہونا مفہوم نہیں۔ درمختار میں ہے:

لزم النکاح ولو بغبن فاحش بنقص مهرها او بغیر کفؤ ان الولی المزوج اباً او جداً لم یعرف منهما سوء الاختیار وان عرف لا یصح النکاح اتفاقاً وکذا لو کان سکران[1] اھ وفی الخیریة ومثل الوکالت السابقة الاجازة اللاحقة۔[2]

اگر باپ یا دادا نکاح دینے والا ہو جس کے بارے سوءِ اختیار معروف نہ ہو تو اس کا غیر کفو اور انتہائی کم مہر سے کیا ہوا نکاح بھی لازم ہوگا، اور اگر وہ سوءِ اختیار سے معروف ہوں تو بالاتفاق یہ نکاح صحیح نہ ہوگا، یوں ہی اگر وہ نشہ میں ہوں تو بھی صحیح نہ ہوگا اھ اور خیریہ میں ہے: پہلی وکالت کی طرح ہی بعد والی اجازت کا حکم ہے۔ (ت)

اور اگر یہ نکاح اس عیب سے بھی خالی ہے یعنی مہر مثل میں کمی فاحش نہ ہوئی تو اب یہ دیکھنا ضروری ہے کہ باپ اور جدہ کے درمیان جس قدر اولیاء ہیں جن کا ذکر ہم اوپر کر آئے ان میں سے کوئی موجود تھا یا نہیں، اگر تھا تو دادی نے

---

[1] درمختار — باب الولی — مطبع مجتبائی دہلی — ۱/۱۹۲

[2] فتاوٰی خیریہ — باب الاولیاء والاکفاء — دارالمعرفۃ بیروت — ۱/۲۵

اُس سے اجازت لے لی تھی یا نہیں، اگر نہ لی تھی تو بعد وقوعِ نکاح قبل واپسیِ پدر اُس نے اجازت دے دی تو بیشک یہ نکاح صحیح و تام و نافذ ہوگا کہ باپ اُسے رَد نہیں کرسکتا۔

فی فتح القدیر لوحضر الاقرب بعد عقد الابعد لایرد عقدہ وان عادت ولایتہ بعودہ[1]۔

فتح القدیر میں ہے کہ اگر ابعد کے نکاح کردینے کے بعد اقرب آجائے تو ابعد کے نکاح کو رَد نہ کرسکے گا اگرچہ اقرب کے واپس آنے پر اس کو ولایت لوٹ آئی ہے۔(ت)

مگر یہ ولی جس نے اول یا بعد اجازت دی اگر زینب کا دادا نہیں جیسا کہ صورتِ سوال سے یہی ظاہر ہے تو یہ نکاح اُس کی اجازت سے نافذ سہی لازم اب بھی نہ ہُوا زینب کو بعد بلوغ اختیار ملے گا کہ اگر پہلے سے نکاح کی خبر ہے تو بالغہ ہوتے ہی فوراً فوراً ورنہ بلوغ کے بعد جس وقت خبر ملے اُسی وقت معاً اس نکاح سے اپنی ناراضی ظاہر کردے کہ اس صورت میں حاکم اس نکاح کو فسخ کردے گا اگرچہ پیش از بلوغِ زینب ہمبستری بھی واقع ہولی ہو مگر از انجا کہ زینب دوشیزہ ہے دیر لگانے کا اختیار نہ ہوگا اگر پہلے سے خبر ہے تو بالغہ ہونے پر ورنہ خبر پانے پر بلا عذر وضرورت ایک لمحہ کی دیر کرے گی تو اختیار ساقط اور نکاح لازم ہوجائے گا اگرچہ وہ اس مسئلہ سے ناواقف ہو اور انجانی کے سبب فوراً مبادرت نہ کی ہو، درمختار میں ہے:

ان کان المزوج غیر الاب وابیہ ولو الام من کفؤ وبمہر المثل صح ولکن لصغیر وصغیرۃ خیار الفسخ ولو بعد الدخول بالبلوغ او العلم بالنکاح بعدہ بشرط القضاء للفسخ و بطل خیار البکر بالسکوت لو مختارۃ عالمۃ باصل النکاح ولا یمتد الی اٰخر المجلس و ان جہلت بہ اھ ملتقطا۔[2]

اگر باپ دادا کے غیر نے نکاح دیا خواہ ماں ہو بشرطیکہ کفو میں اور مہر مثل سے کیا ہو تو وہ نکاح صحیح ہے لیکن لڑکی اور لڑکے کو بالغ ہونے کے بعد فسخ کا اختیار ہوگا فسخ کا اختیار لڑکی کو دخول کے باوجود بلوغ پر یا بلوغ کے بعد نکاح کے علم پر بھی ہوگا اور فسخ کے لئے قضا شرط ہے، اور باکرہ کا اس موقعہ پر خاموش رہنا اس کے اختیار کو باطل کردے گا بشرطیکہ وہ اپنے نکاح کا علم رکھتی ہو اور عاقلہ ہو، اس کا یہ اختیار مجلسِ علم کے آخر تک باقی نہ رہے گا اگرچہ وہ اس مسئلہ سے جاہل ہو، اھ ملتقطاً (ت)

اور اگر دادی سے بالاتر جو ولی موجود تھا باپ کے آنے سے پہلے اس نے رَد کردیا تو باطل ہوگیا باپ کو فسخ

---

[1] فتح القدیر باب الاولیاء والاکفاء المکتبۃ النوریۃ الرضویہ سکھر ۳/۱۸۴

[2] درمختار باب الولی مطبع مجتبائی دہلی ۱/۹۳-۱۹۲

کی کیا حاجت ، اور اگر ہنوز زنہ اُس ولی نے اجازت دی نہ رد کیا تھا کہ زید آگیا تو اب وہ توقف اس ولی سے منتقل ہوکر خود زید کی اجازت پر رہے گا اگر رد کر دے گا اسی وقت باطل ہو جائے گا۔

فی الدر المختار و تبیین الحقائق للامام الزیلعی و اللفظ له و عنه فی الهندیة تبطل ولایة الابعد بمجئ الاقرب لانه عقد لا نه حصل بولایة تامة۔

درمختار اور تبیین الحقائق امام زیلعی میں ہے زیلعی کی عبارت ہیں، اور ہندیہ میں زیلعی سے منقول کہ اقرب کے واپس آنے پر ابعد کی ولایت باطل ہو جائے گی اور ابعد کا کیا ہُوا نکاح باطل نہ ہوگا کیونکہ یہ اس کی کامل ولایت میں حاصل ہے۔ (ت)

تنبیہ نفیس : اقول وباللہ التوفیق ، یہ تمام کلام فقیر غفر اللہ تعالٰی لہ نے کلماتِ علمائے کرام کے اُس ظاہری مفاد پر مبنی کیا کہ بادی النظر میں اذہانِ عامہ اس طرف جائیں اور اگر حقِ تحقیق و عین تدقیق چاہئے تو نگاہ مقصود شناس جزم و قطع کے ساتھ اُسی ابتدائی بات پر حکم کرے گی جسے ہم نے اوّلاً ظاہر صورت سوال بنا کر دوبارہ فرضاً اس سے تنزّل کیا تھا یعنی اس غَیبت کا غَیبت منقطعہ نہ ہونا اور ولایتِ پدر کا بدستور باقی رہنا اور اگر یہ نکاح منعقد واقع ہُوا تو مطلقاً بلا استثناء ہر حال و ہر صورت میں اجازت ولی اقرب پر توقف پانا اور اس کے رَد کئے سے فوراً رَد ہو جانا، جب مذہب معتمد میں بناءِ کار اس پر ٹھہری کہ ولی اقرب کے ایاب و جواب کے انتظار میں کفوِ فوت ہوتا اور موقع ہاتھ سے نکلا جاتا ہو کیا معلوم پھر کفو ملے یا نہیں تو یہ بات ہمارے اعصار و امصار میں کنواری لڑکیوں کے حق میں جبکہ ولی اقرب کا پتا معلوم اور وہاں تک ڈاک کی آمد و رفت بے وقت مرسوم ہو متصور نہیں، ادھر تو ازمنۂ سابقہ میں نہ راہیں ایسی آسان تھیں نہ ڈاک کے ایسے انتظام ، مدّتوں میں منزلیں طے ہوتیں، خط جاتا تو آدمی لے جاتا ، پھر تنہا کی گزر دشوار ، نہ ہر وقت قافلے میسر نہ ہر شخص قاصد بھیجنے پر قادر ، اُدھر اُن بلادِ طیبہ میں نکاح کی یہ رسم کہ آج خُطبہ ہُوا کل نکاح ہوگیا ، دو ایک روز کی دیر لگی تو دوسری جگہ موجود۔ یہاں یہ رواج کہ مہینوں میں منگنی ، مدّتوں میں بیاہ ، بات ٹھہرتے ٹھہرتے سال پلٹ جائیں ، اگر خوش قسمتی سے دو چار مہینے کی آمد و رفت پیام سلام میں کسی کا نکاح ہوگیا تو لوگ تعجب کرتے ہیں کہ ہیں جھٹ منگنی پٹ بیاہ۔ پھر خطوط کی آمد و رفت وُہ کہ تیسرے دن کلکتہ خط پہنچے چوتھے دن بمبئی ، وُہ کون سا جلد باز ہوگا کہ آج پیام دے اور آج ہی نکاح چاہے ایک ہفتہ کا انتظار ہو تو نکاح ہی نہ کرے یا صبح و شام دوسری جگہ نکاح ہو جائے، ہندوستان کی لڑکیاں سہل نہیں ملتیں ایک ایک بڑھیا کے مُنہ سے سُن لیجئے کہ میاں لڑکیاں آندھی کی بیر تو نہیں، نہ جوتیاں

---

[1] فتاوٰی ہندیہ الباب الرابع فی الاولیاء نورانی کتب خانہ پشاور ۱/۲۸۵
تبیین الحقائق باب الاولیاء والاکفاء مطبعہ امیریہ کبرٰی مصر ۲/۱۲۷

ٹوٹیں، نہ چادریں پھٹیں، کیا کوئی پھٹ سے ہاں کہہ دیتا ہے، تو مقاصد علماء پر نظر شاہد عدل کہ یہاں غیبت منقطعہ وہی کہی جاسکتی ہے کہ یا تو ولی اقرب کا پتا نہ معلوم ہو آخر بے نشان کا کب تک کوئی انتظار کرے یا کسی ایسے دُور دراز ملک غیر میں جہاں ڈاک پر اطمینان نہ ہو خطوط جائیں اور پتا نہ چلے آدمی بھیجو تو صَرفِ کثیر، دو ایسی صورتوں میں کفو کا یہ عذر ہوسکتا ہے کہ کب تک بیٹھیں، اور ممکن کہ زبان نہ دو تو انتظار میں وُہ مدتیں گزریں کہ دُوسری جگہ اس کی ٹھیک ٹھاک ہو جائے ورنہ ہندوستان بلکہ آج کل برہما میں بھی جو موجود اور پتا معلوم ہے اُس کی نسبت عادۃً کوئی کفوِیہ تقاضا نہ کرے گا کہ ہم آٹھ دس روز کا انتظار ہرگز نہ کریں گے کرنا ہے تو آج کردو، اور بالفرض کوئی زبان دینے میں جلدی بھی کرے تو یہاں کفو کی روک تھام کے لئے منگنی وُہ عمدہ صیغہ ہے جس سے اُس کا اطمینان ہوجائے اور رائے ولی اقرب فوت نہ ہونے پائے، منگنی کے بعد مدتوں دونوں طرف ساز و سامان کی درستی میں گزرتے ہیں بلکہ یہاں کے رواج سے اپنی منگیتر کو بھی من وجہ گویا اپنی ناموس جانتے اور دُوسری جگہ اس کے نکاح سے بُرا مانتے اور اُس کے انتظار میں سال گزارتے ہیں منگنی کے بعد خدا جانے کتنی بار ولی اقرب کی رائے لے سکتے ہیں اُس کے جواب ملنے تک انتظار نہ ہونا کیا معنی، یہ عذرِ مصنوع وہیں پیش ہوگا جہاں اپنی اغراضِ فاسدہ سے ولی اقرب کے خلاف رائے بالا بالا کارروائی کرنی ہوگی جو شرع مطہر کے بالکل نقیض مراد ہے اور اس کی توسیعوں میں اُنھیں آفات کا دروازہ کھُلنا جو ابھی ہم ذکر کر آئے، شاید شاذ نادر برخلاف عادتِ ملک اگر کہیں ایسی جلدی پائی جائے تو امورِ نادرہ مبنائے احکامِ فقہیہ نہیں ہوسکتے بلکہ عادت شائعہ پر حکم دینا واجب،

کما نصوا علیہ فی غیرما مسألۃ منہا مسألۃ دخول النساء الحمام فی الدر المختار وغیرہ ومنہا مسألۃ جوار الحرمین فی فتح القدیر ومنہا مسألتنا ھذہ بناء علی ماکان معتادا عندھم علی خلاف ماھو العادۃ عندنا فیہ ایضا الی غیر ذٰلک مما لا یخفی علی من خدم کلماتھم الطیبۃ۔

جیسا کہ انھوں نے بہت سے مسائل میں تصریح کی ہے ان میں سے ایک مسئلہ حمام میں عورتوں کے داخلہ کا ہے جس کو درمختار وغیرہ میں بیان کیا ہے، انہی مسائل میں سے فتح القدیر میں حرمین شریفین میں رہائش کا مسئلہ ہے، ان مسائل میں سے ایک یہ ہمارا مسئلہ جو ان کی عادت کے مطابق تھا اور ہماری عادت کے خلاف ہے، اس کے علاوہ اور بھی ہیں جو کہ فقہاء کے کلماتِ طیبہ پر اطلاع رکھنے والا جانتا ہے۔ (ت)

بلکہ انصافاً وہ عُلماء بھی جنھوں نے مسافتِ قصر اختیار فرمائی، اگر ریل اور ڈاک اور یہاں کے عادات ملاحظہ فرماتے ہرگز حکم نہ دیتے، بریلی کا ساکن مراد آباد تک گیا اور اس کی ولایت اپنی اولاد پر سے سلب ہُوئی جس کے دن میں دو پھیرے ہوسکتے ہیں بالجملہ جب مدار کار انتظار کے سبب فوتِ کفو پر ٹھہرا تو اس مناط کا تحقق ضروری

جب تک یہ حالت نہ ہو غیبت منقطعہ ہرگز نہیں، اس پر نظرِ کامل رکھنا اور اصحابِ اغراض کے فریبوں سے بچنا لازم۔ ومن لم یعرف اھل زمانہ فھو جاھل (جو اپنے زمانہ کے عرف سے ناواقف ہو وہ جاہل ہے۔ ت) ہاں کوئی بیوہ سن رسیدہ باختیارِ خود کسی سے شرعی نکاح خالی از رسوم کرلینا چاہے تو وہاں جلدی متصور، وہ اوّل تو ہندیوں کی عادت نہیں اور ہو بھی تو ہماری بحث سے خارج کہ یہاں کلام قاصرہ میں ہے اور قواصر کے باب میں ضرور وہی عادت، لہذا فقیر اُن صُوَرِ مذکورۂ بالا کے سوا یہاں غیبت منقطعہ کے حکم پر زنہار جسارت روا نہیں رکھتا، یہ بعونہٖ تعالٰی فقہِ انیق وحقِ تحقیق ہے،

وباللہ التوفیق وھدایۃ الطریق والحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالٰی علی سیدنا محمد والہٖ وصحبہٖ اجمعین اٰمین۔ واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم۔

اللہ تعالٰی کی مدد سے توفیق اور راستہ کی راہنمائی ہے الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا محمد وآلہٖ وصحبہٖ اجمعین آمین، واللہ سبحانہٗ وتعالٰی اعلم (ت)